CHAPTER IV.

Nasûh and his Youngest Son, Selîm.

1. Nasûh summons his youngest boy, Selim, a child of ten: the boy's alarm.

آج تو میان بی بی مین یہہ قول و قرار ہوا ـ اگلے دن چھوٹا بیٹا سلیم ابھی سوکر بھی نہین اٹھا تھا کہ بیدارا نے آجگایا کہ صاحبزادے اُٹھئے بالاخانہ پر میان بلاتے ہین ـ سلیم کی عمر اس وقت کچھہ کم دس برس کی تھی ـ سلیم نے جو طلب کی خبر سنی گھبڑاکر اٹھہ کھڑا ہوا اور جلدی سے ہاتھہ منہہ دھو مان سے آکر پوچھنے لگا اماجان تمکو معلوم ہی اباجان نے کیون بلایا ہی

مان ـ بھائی مجھکو تو کچھہ خبر نہین

بیٹا ـ کچھہ خفا تو نہین ہین

مان ـ ابھی تو کوٹھے پر سے بھی نہین اترے

سلیم ـ بیدارا تجھکو کچھہ معلوم ہی

---

1 *Âj to . . . agle din.* The use of *â* here is peculiar; instead of meaning 'to day,' it means 'the day spoken of.' Translate 'On the morrow of the day on which husband and wife made this agreement.'

8 After *â-jagâyâ* supply *aur kâhâ.* Comp. the sentence at p. 82, line 14.

5 *Jo* is here a conjunction and not the Relative. Translate 'on hearing of the summons.'

9 *Bhâ'î*: a familiar mode of address, which is irrespective of relationship. We may convey the idea here in 'my boy'

11 *Abhî to kothe par se,* etc. Nasûh had probably gone up to the flat roof to perform his devotions before his wife was up.

بیدارا ـ میان مین اوپر لوٹا لیئے گئی تھی ـ میان اکیلے بیٹھے ہوئے کتاب پڑھ رہے تھے ـ مین آنے لگی تو میان نے آپکا نام لیا اور کہا کہ انکو بھیجدیجیو

سلیم ـ صورت سے کچھ غصہ تو نہین معلوم ہوتا تھا

بیدارا ـ نہین تو

سلیم ـ تو امّا جان ذرا تم بھی میرے ساتھ چلو

مان ـ میری گود مین لڑکی سوتی ہی ـ تم اتنا ڈرتے کیون ہو ـ جاتے کیون نہین

سلیم ـ کچھ پوچھینگے

مان ـ جو کچھ پوچھینگے تم اسکا معقول طور پر جواب دینا

2. He questions the boy in kindly fashion, and learns something of his sons' tastes and habits.

غرض سلیم ڈرتا ڈرتا اوپر گیا اور سلام کرکے الگ جا کھڑا ہوا ـ باپ نے پیار سے بلاکر پاس بٹھالیا اور پوچھا کیون صاحب ابھی مدرسے نہین گئے

بیٹا ـ جی بس اب جاتا ہون ـ ابھی کوئی گھنٹے بھر کی دیر اور ہی

باپ ـ تم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے جاتے ہو یا الگ

بیٹا ـ کبھی کبھار بھائی جان کے ساتھ چلا جاتا ہون ورنہ اکثر اکیلا جاتا ہون

---

2 *Main āne lagī*, 'I was coming away when master mentioned your name and told me to send you to him.'

10 *Jo kuchh pūchhenge*, etc., 'whatever he asks, answer the question in a proper manner,' implying that she was aware of her husband's intention.

14 *Kyūn sāhib*, etc., 'so you haven't yet gone to school, Sir.' *Kyūn* in this position is not always distinctly interrogative, though the tone of the speaker may be inquiring.

15 *Jī bas*, though perfectly respectful conveys a certain amount of impatience at the obviousness of his father's remark: 'No, Sir, of course; I am going presently; I have got about an hour more yet.' Lit. 'there is about a full hour's more delay yet.'

20 *Warna aksar*, etc., 'but generally I go alone.' See note on *warna*, p. 1.

باپ ـ کیون

بیٹا ـ اگلے مہینے امتحان ہونےوالا ہی ـ چھوٹے بہائیجان اسی کیواسطے طیاری کررہے ہین ـ صبح سویرے اُٹھکر کسی ہمجماعت کے یہان چلے جاتے ہین ـ وہان انکو دیر ہوجاتی ہی تو پہر گھر بہی نہین آتے ـ مین جاتا ہون تو انکو مدرسے مین پاتا ہون

باپ ـ کیا اپنے گھر مین جگہہ نہین ہی کہ دوسرُون کے یہان جاتے ہین

بیٹا ـ جگہہ تو ہی مگر وہ کہتے تہے کہ یہان بڑے بہائیجان کے پاس ہر وقت گنجیفہ اور شطرنج ہوا کرتا ہی ـ اطمینان کے ساتھ پڑھنا نہین ہوسکتا

باپ ـ تم بہی شطرنج کہیلنی جانتے ہو

بیٹا ـ مہرے پہچانتا ہون چالین جانتا ہون مگر کبہی خود کہیلنے کا اتفاق نہین ہوا

باپ ـ مگر زیادہ دنون تک دیکہتے دیکہتے یقین ہی کہ تم بہی کہیلنے لگوگے

بیٹا ـ شاید مجھکو عمر بھر بہی شطرنج کہیلنی نہ آئیگی

3. Nasûh questions Selim as to his fondness for chess and cards, and finds to his astonishment that he despises games: he asks the reason.

---

2 *Chhote bhâî jân*, etc., 'my second brother is preparing for this same.' In the Hindustani idiom here *younger* brother means 'younger' with reference to the eldest.

4 *Kisî ham-jamâ'at ke yahân*, etc., goes off to a schoolfellow's.' See SI. 34 (4) (5).

8 *Apne ghar men*, 'in his own home,' the pronoun having reference to the subject of discourse.

11 *Har waqt ganjifa aur shatranj hûâ kartâ hai*, 'cards and the chess-board are always going on.' *Shatranj*, 'chess-board,' is masculine. See p. 65, line 2, *shatranj bichhâ*. In the sense of 'chess,' the game, the word is feminine. See lines 13 and 18.

15 *Khûd*, that is, *khûd mujhko*: 'I never chanced to play the game myself.' There is nothing strange in this conversation on chess, for the game is commenced at an early age in India. Only the strictest sort of Mahomedans object to it. See Rodwell's Qoran, Sura V. 92, Note.

باپ ـ کیون کیا ایسی مشکل هی

بیتا ـ مشکل هو یا نهو میرا جی هی نهین لگتا

باپ ـ سبب

بیتا ـ مین پسند نهین کرتا

باپ ـ چونکہ مشکل هی اکثر مبتدی گھبرایا کرتے هین ـ مجھکو یقین هی کہ گنجیفہ مین تمهاری طبیعت خوب لگتی هوگی ـ وہ بہ نسبت شطرنج کے بهت آسان هی

بیتا ـ مین شطرنج کی نسبت کر گنجیفہ کو زیادہ‌تر ناپسند کرتا هون

باپ ـ هان شطرنج مین طبیعت پر زور پڑتا هی اور گنجیفہ مین حافظہ پر

بیتا ـ میری ناپسندیدگی کا کچھ خاص‌کر یهی سبب نهین هی بلکہ مجھکو سارے کھیل برے معلوم هوتے هین

باپ ـ تمهاری اس بات سے مجھکو تعجب هوتا هی اور مین تمسے تمهاری ناپسندیدگی کا اصلی سبب سننا چاهتا هون کیونکہ شاید اب سے پانچ یا چھ مهینے پهلے جن دنون مین باهر کے مکان مین بیٹھا کرتا تها

pare the English phrase, 'chess force.' *Ganjifa* is the Indian game of cards, in which the pack consists of eight suits of twelve cards each, viz. ten plain cards, with the King and Vizier.

18 *Khāskar*, 'special,' often used as an adverb; a unique instance of the permanent attachment of the Part. *kar* to an adj. See last note but one. *Khel*: observe the gender. As a rule, verbal bases, when used as nouns, are feminine. SI. 2 Rule II. (3).

5 *Ghabrāyā karte hain*, 'are wont to be disheartened.'

9 *Shatranj kī nisbat kar*, 'as compared with chess,' *shatranj ke muqābale men*. A similar instance of this specificatory use of the P.C.P. *kar* occurs in Chap. X.: *merī nisbat kar*, 'in comparison with me.' See also S.I. 198 (5).

11 *Hān shatranj men*, etc., 'yes, in chess the pressure lies upon the thinking part (of a man), in cards on the memory.' As regards *zor*, com-

مین نے خود تمکو هر طرح کے کھیلون مین نہایت شوق کے ساتھ شریک هوتے دیکھا تھا

بیٹا - آپ درست فرماتے هین - مین همیشہ کھیل کے پیچھے دیوانہ بنا رهتا تھا مگر اب تو مجھکو ایک دلی نفرت هوگئی هی

باپ - آخر اسکا کوئی سبب خاص هوگا

4\. In reply Selim tells his father of certain brothers he had become acquainted with at school: he describes their habits and manners.

بیٹا - آپ نے اکثر چار لڑکون کو کتابین بغل مین دابے اندر گلی مین آتے جاتے دیکھا هوگا

باپ - وهی جو گورے گورے چار لڑکے ایک ساتھ رهتے هین پھڈی جوتیان پہنے منڈے هوئے سر اونچے پاجامے نیچی چولیان

بیٹا - هان جناب وهی چار لڑکے

باپ - پھر

بیٹا - بھلا آپ نے کبھی اُنکو کسی قسم کی شرارت کرتے بھی دیکھا هی

باپ - کبھی نہین

بیٹا - جناب کچھ عجب عادت ان لڑکون کی هی - راہ مین چلتے هین تو گردن نیچی کئے هوے -

---

ing slippers, with their heads shorn of hair, pantaloons well up (above the ankle), and low skirts.' These are all marks of sober respectability and unworldliness.

13 *Phir*: a common colloquialism, which corresponds to our expectant 'then?'

17 *Janāb*, etc., 'Sir, those boys' habits are something wonderful; they hold their heads down as they walk along the road; if they meet a person older than themselves they make a point of salaaming, whether they know him or not.' The student will see that the pron. *unko* must be supplied before *mil-jāe*.

3 *Āp durust farmāte hain*, 'you say right'—the regular form of assent by a junior or subordinate, or among equals.

Main hamesha, etc., 'I was always mad after games.' The similarity of the English and Hindustani phrases is curious, but the verb of the latter is very much more forcible.

7 *Kitāben bagal men dābe*: 'with books under their arms.' SI. 108.

8 *Andar galī men*: a purposed redundancy. Translate 'well within the street,' that is, aloof from the shops and houses on either side.

10 *Phiddī jūtiyān pahne*, etc., 'wear-

اپنے سے بڑا ملجاے جان پہچان ہو یا نہو انکو سلام کرلینا ضرور - کئی برس سے اس محلے مین رہتے ہین مگر کانون کان خبر نہین - محلے مین کوڑیون لڑکے بھرے پڑے ہین لیکن انکو کسی سے کچھہ واسطہ نہین - آپسمین اوپرتلے کے چارون بھائی ہین - نہ کبھی لڑتے نہ کبھی جھگڑتے نہ گالی بکتے نہ قسم کھاتے نہ جھوٹھہ بولتے نہ کسی کو چھیڑتے نہ کسی پر آوازہ کستے - ہمارے ہی مدرسے مین پڑھتے ہین - وہان بھی انکا یہی حال ہی - کبھی کسی نے انکی جھوٹی شکایت بھی تو نہین کی - ڈیڑھ بجے ایک گھنٹے کی چھٹی ہوا کرتی ہی - لڑکے کھیل کود مین لگ جاتے ہین - یہہ چارون بھائی ایک پاس کی مسجد مین نماز پڑھنے چلے جاتے ہین

باپ - بھلا پھر

بیٹا - سنجھلا لڑکا میرا ہم جماعت ہی - ایک دن میرا آموختہ یاد نتھا - مولوی صاحب نہایت ناخوش ہوے اور اسکی طرف اشارہ کرکے مجھسے فرمایا کہ کمبخت گھر سے گھر ملا ہی - اسی کے پاس جاکر یاد

5. He proceeds to describe his introduction to the family and the kindness he had received, and adds that he has lost his fondness

---

12 *Ek pás kí masjid men*, 'in a neighbouring mosque.'

15 *Sanjhlá larká*, 'the third boy of the four.'

16 *Amokhta*, P., 'taught,' signifies an old lesson, or 'repetition,' as compared with *sabaq*, a 'lesson' generally.

18 *Ghar se ghar milá hai*, 'your house adjoins his.'

Isike pás jákar yád kar-liyá kar, 'go to *him* and learn your lessons there.'

See SI. 126 for the form of the Continuative here and in the next clause. Note the propriety of *kar-liyá*, as compared with *kará-diyá*. SI. 73 (3).

3 *Kánon kán khabar nahín*. This expression has been noticed already at p. 20, Note 19. Translate: 'no one hears of them' (they are so quiet).

Mahalle men koriyon larke bhare pare hain, 'the quarter swarms with scores of boys.' See SI. 102 (1) for an illustration of the customary idiom of *bharná*.

5 *Ápas men úpar tale ke cháron bhá'í hain*, 'they are four brothers in all in regular succession among themselves.'

9 *Kabhí kisí ne*, etc., 'no one ever made even a false complaint against them' (let alone a true one).

> for playing and sport since his intercourse with Hazrat Bī and her grandsons.

کرلیاکر – مین نے جو پوچھا کیون صاحب یاد کرادیاکروگے تو کہا بسر و چشم – عرض مین اگلے دن انکے گھر گیا – آواز دی – انھون نے مجھکو اندر بلالیا – دیکھا کہ ایک بہت بوڑھی سی عورت تخت پر جاےنماز بچھاے قبلہرُو بیٹھی ہوئی کچھ پڑھ رہی ھین – وہ ان لڑکون کی نانی ھین – لوگ انکو حضرت بی کہتے ھین – مین سیدھا سامنے دالان مین اپنے ھمجماعت کے پاس جابیٹھا – جب حضرت بی اپنے پڑھنے سے فارغ ھوئین تو انھون نے مجھسے کہا کہ بیٹا گو تمنے مجھکو سلام نہین کیا لیکن ضرور ھی کہ مین تمکو دعا دون – جیتے رھو – عمر دراز – خدا نیک ھدایت دے – انکا یہ کہنا تھا کہ مین غیرت کے مارے زمین مین گڑگیا اور فوراً مین نے اٹھکر نہایت ادب کے ساتھ سلام کیا – تب حضرت بی نے فرمایا کہ بیٹا برا مت ماننا – یہ بھلے مانسون کا دستور ھی کہ اپنے سے جو بڑا ھوتا ھی اسکو سلام کرلیاکرتے ھین – اور مین تمکو نہ توکتی لیکن چونکہ تم میرے بچون کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے ھو اس سبب سے مجھکو جتادینا ضرور تھا – اسکے بعد حضرت بی نے مجھکو مٹھائی دی اور بڑا

---

you my salutations:—May you live on! May your life be long! May God direct you!'

12 *Unkā yeh kahnā thā ki*, 'she had no sooner said this than I was rooted to the earth for shame.' See p. 19, Note 14.

17 *Tum mere bachchon ke sāth uthte baithte ho*, 'you associate with my children,' lit. 'rise and sit.'

18 *Mujhko jatā-denā zarūr thā*, 'it was necessary for me to point this out.' *Jatānā* is used in Urdū as the causal of *jānnā*, 'to know,' the regular *janānā* being now obsolete.

1 *Yād karā-diyā karoge*, 'will you make me learn my lessons?' (regularly).

4 *Takht par jāe-namāz bichhāe qibla-rū baithī hūī*, 'with prayer-mat spread upon the *takht*, seated with her face towards the Qibla (Mecca).' For *bichhāe*, not *bichhā'ī*, see SI. 108. The *takht* is a wooden platform on short legs, which can be placed where wanted, or be combined with others to form a dais. It is the usual substitute for wooden flooring in eastern houses.

9 *Go tumne*, etc., 'though you did not salaam to me, yet I must offer

اصرار کرکے کھلائی - مدتون مین انکے گھر جاتا رہا - حضرت بی بھی مجھکو اپنے نواسون کی طرح چاہنے اور پیار کرنے لگین اور ہمیشہ مجھکو نصیحت کیاکرتی تھین - تبھی سے میرا دل تمام کھیل کی باتون سے کھٹا ہوگیا

6. باپ - یہہ تو تمنے اچھا اختصار کیا - اجی سب باتین مجھکو سناؤ - کیا کیا تمسے حضرت بی نے کہا

Much interested, his father asks him to continue his story: Selim proceeds to describe a scuffle between himself and a neighbour's lad, which brought him into disgrace with his friends.

بیٹا - ہر روز آنے جانے سے مین ان لوگون کے ساتھ خوب بے تکلف ہوگیا مگر حضرت بی نے بس پہلے دن سلام نہ کرنے پر تو ٹوکا تھا پھر کوئی گرفت نہین کی - باوجودیکہ مین شوخی بھی کرتا تھا لیکن وہ خبر نہین ہوتی تھین - ایک دن مجھسے اور ایک ہمسایہ کے لڑکے سے باہر گلی مین کھیلتے کھیلتے عین انھین کے دروازہ پر لڑائی ہو پڑی - سخت کلامی کے بعد گالی گلوج کی نوبت پہونچی - پھر مارکٹائی ہونے لگی - لڑکا مجھسے تھا کمزور - اڑنگے پر چڑھا - جو

---

part and on the part of a neighbour's son . . . a fight befell.' The idiom of *'ain* (eye) was noticed at p. 43 above.

The story of this fight is remarkably well told.

17 *Arange par charhá*, etc., 'I got him on my hip for the cross-buttock—one throw, and down he was, flat on his back; then I mounted on his chest and gave the fellow such a rubbing (on the ground) that he will not have forgotten it; and had the people not rescued him I should have left him half-dead.' *Chá̆ron shâne chit*, lit. 'all four shoulders flat on the ground,' that is, 'flat on his back,' which is the condition of a true fall in wrestling. At the beginning of Chap. III. we had *munh ke bhal* for 'flat on his face.'

1 *Muddaton main unke ghar játá rahá*, 'for a long time I resorted to her house.' See SI. 118 for the idiomatic sense of *játá rahná*.

6 *Yeh to tumne achchhá ikhtisár kiyá*, 'You have given me a capital outline.'

7 *Hazrat Bí ne bas*, etc., 'Enough to say that H. B. having reproved me that first day for not making a *salám*, did not find fault with me again.'

12 *Woh khabar nahín hotí thín*, 'she did not mind.' *Khabar* is here used adjectively. Comp. the use of *sanad*, Note 5, p. 61.

13 *Ek din mujhse*, etc., 'one day as a neighbour's son and I were playing outside in the street we came to blows right at her very door.' The idiom of the separative affix *se* is very peculiar. The literal meaning is 'on my

ایک پتھنی دیتا ہون چارون شانے چت ـ پھر تو مین امکی چھاتی پر چڑھ بیتھا اور بیچارے کو ایسے گھسے دئے کہ یاد ھی کئے ھونگے اور لوگ چھڑا نہ دیتے تو مین اسکو ادھموا کر ھی چکا تھا ـ بارے دو چار آدمیون نے مجھکو اسپر سے اتارا اور دو ایک نے میری پیتھ بھی تھوکی کہ شاباش پتھے شاباش ـ لیکن وہ لڑکا ایسا چیندباز تھا کہ پھر خم تھوک کر سامنے آ کھڑا ھوا ـ مین چاھتا تھا کہ پھر گتھ جاؤن ـ اتنے مین اندر سے اسی میرے ھم‌جماعت نے آواز دی ـ ادھر لوگون نے کہا کہ میان جانے بھی دو ـ یہ تمھارے جوڑ کا نہین ھی

7. He tells how he went into his friends' house, but was received in silence, and how Hazrat Bi took him to task.

غرض مین اندر چلا گیا ـ میرے ھم‌جماعت نے پوچھا کیون جی کس سے لڑ رھے تھے ـ مین نے کہا میان یہی کنجڑے‌والا رمضانی کمزور مارکھانے کی نشانی ـ لیکن خدا کی قسم مین نے بھی آج اسکو ایسا رگڑا ھی کہ یاد ھی تو کریگا ـ اس وقت تک غصہ اور طیش تو فرو ھوا ھی نہ تھا ـ نہین معلوم کیا کیا مین نے بکا کہ سب گھروالون نے سنکر آنکھین نیچی کرلین اور بڑی دیر تک سرنگون بیتھے رھے

---

márkháne ki nishání, 'this green-grocer's starveling weakling meant for licking.' *Ramazání*, lit. 'born in Ramazán,' the fasting month. *Kamzor márkháne kí nishání* is a proverb which means that the feeble suffer. Fallon has *zor thorá gussa bahut márkháne ke nishání*, and translates 'weak and angry, punishment sure.'

16 *Gussa aur taish to faro húá hí na thá*, 'my anger and rage were not one bit cooled down.' *Húá thá* is in agreement with the nearest subject. Observe the way in which the particles are handled.

6 *Woh larká aisá chendbáz thá*, etc., 'the boy was so unfair that he again stood up before me, slapping his arms in defiance.' When a wrestler has been thrown, the custom is for him to stand aside in token of defeat. The slapping of the arms is the preliminary to a bout.

10 *Míyán jáne bhí do*, etc., 'let him go, Sir; he is no match for you.' The *bhí* here is a covert reference to the summons which Selim had just received.

14 *Yehi kanjre-wálá ramazání kamzor*

آخر حضرت بی بولین کہ سلیم بڑے افسوس کی بات ھی کہ تو ایسا پیارا لڑکا اور گن تیرے ایسے خراب ۔ اس منہہ سے ایسی باتین ۔ آج کئی دن سے مین تجھکو سمجھانےوالی تھی مگر اس وقت جو مین نے تیری گفتگو سنی مجھکو یقین ھوگیا کہ تجھکو سمجھانا بےسود ھی ۔ بڑا رنج تو مجھکو اسی بات کا ھی کہ تو ھاتھہ سے گیا گذرا ھوا ۔ دوسرا کھٹکا یہہ ھی کہ تو میرے لڑکون کے پاس آتا جاتا ھی ۔ اگر خدا نخواستہ تیری خوبو کا ایک شمہ انھون نے اختیار کیا تو میری طرف سے یہہ جیتے جی مرلئے ۔ ملنا جلنا تو بڑی بات ھی ۔ اب یہہ محلہ مجھکو چھوڑنا پڑا ۔ اتنی بیحیائی ایسی بدزبانی ۔ اول تو لڑنا اور پھر گلی کوچے مین ۔ اور اسپر ایسی موٹی گالیان

8. How he swore that it was not his fault, and how kindly and honestly she argued with him as

مین ۔ جناب خدا کی قسم ھرگز مین نے پہل نہین کی ۔ وہ سر چڑھکر مجھسے لڑا

حضرت بی ۔ بس اپنی قسمون کو بند کرو ۔ مین قسم اور گالی دونون کو برابر سمجھتی ھون ۔ جسکو

---

2 *Ki tú aisá pyárá larká aur gun tere aise khráb*, etc., 'thou such a dear boy and thy manners so bad! From this mouth such words!' These clauses are interjectional, and *ki* simply serves to introduce them in the *oratio recta* as explanatory of *afsos*. It will be noticed that instead of *tum* as before, she now addresses Selim as *tú*. She reverts to the pl. at line 16.

3 *Áj ka'i din se*, etc., 'for several days since, I have been (lit. was) thy instructress.'

7 *Háth se gayá guzrá húá*. See p. 63, line 15; also p. 15, line 1.

9 *Terí khú-bú ká ek shamma*, 'the smallest trace of thy (bad) habits.' The Arabic *shamma* radically means 'scent,' and is therefore, peculiarly apposite here with reference to the Persian *bú*.

10 *Merí taraf se yeh jíte jí mar-li'e*, 'so far as I am concerned, while living they are dead.'

11 *Ab yeh mahallah mujhko chhorná pará*, lit. 'I had now to quit this quarter of the town.' She uses the Past Absolute in correspondence with *mar-li'e*, as a realization of the result, if her fears of the contamination of her grandsons are well founded.

15 *Woh sir charhkar mujhse lará*, 'he was insolent and quarrelled with me.'

خدا کا نام لینے مین باك نہین اسکو کسی بات کے بك دینے مین تامل نہین

مین ـ گالی بهی پہلے اسنے مجهکو دی

حضرت بی ـ تمنے کیون گالی کهانے کی بات کی

مین ـ یہی تو مین عرض کرتا هون کہ میرا مطلق قصور نتها

حضرت بی ـ کیا ایسے بیہودہ لڑکون سے ملاقات رکهنا تمهارا قصور نہین هی ـ وہ ایك بازاری آدمی کا بیٹا هی اور تم ایك بڑے عزت‌دار کے لڑکے هو ـ تمهارے دادا کا شہر مین وہ شہرہ هی کہ انکے نام کی لوگ تعظیم کرتے هین ـ انہین کے پوتے تم هو ـ جهوٹهہ بولنے پر دلیر ـ قسم کهانے مین بیباك ـ فحش بکنے مین بےدهڑك ـ سلیم کوئی شخص دین اور دنیا دونون مین اس وجہ سے عزت نہین پاسکتا کہ اسکے باپ‌دادے عزت‌دار تهے ـ آدمی کی عزت اسکی عادت اور مزاج سے هی ـ کیا تم کہہ سکتے هو کہ یہہ عادتین جو تمنے سیکهی هین عزت حاصل کرنے کی هین ـ هرگز نہین

یہہ سنکر مجهکو اس قدر شرمندگی هوئی کہ مین رونے لگا اور حضرت بی بهی آبدیدہ هوئین اور مجهکو پاس بٹهاکر پیار کیا اور کہا کہ بیٹا مین تمهارے هی

to the nature of his conduct: and how he promised never to offend again.

1 *Bák . . . bak-dene.* Observe the play upon the words. The meaning of the clause is that a swearer will say anything.

4 *Tum ne kyún*, etc., 'Why did you do anything to provoke abuse?' The meaning of the boy's reply to this is that he had already said he did not begin the quarrel, and therefore that he did nothing to provoke abuse.

9 *Larke . . . hote* in rational concord with the plural pronoun *tum*.

15 *Admí kí 'izzat*, etc., 'a man's honour is (derived) from his mode of life and manners.' Observe that *uskí* is in agreement with the nearest noun only, though it refers to both.

17 *'Izzat hásil karne kí hain*, 'are such as to win honour.'

فائدہ کے لئے کہتی ہون ـ اب بھی کچھ نہین گیا ـ
لیکن چند روز بعد تمکو ان عادتون کا چھوڑنا بہت
مشکل ہوجائیگا

میں نے اسی وقت توبہ کی اور کہا کہ اگر اب سے
آپ مجھکو قسم کھاتے یا فحش بکتے یا جھوٹ بولتے
یا بازاری لڑکون میں کھیلتے سنیں تو مجھکو اپنے گھر
میں نہ آنے دیجئےگا

باپ ـ کیا بس اسی دن سے تمکو کھیلنے سے
نفرت ہوگئی

9. He adds, in reply to his father's question, that this was not the time when he left off cards, etc.: how that months afterwards Hazrat Bi had asked him how he employed his time, and had pointed out that he did nothing for God, notwithstanding the blessings he enjoyed—and he breaks off in tears as he says that for some

بیٹا ـ جناب نہین ـ مہینون مین حضرت بی کے
یہان جاتا رہا اور ہر روز نصیحت کی دو چار باتین وہ
مجھکو بتایا کرتی تھین ـ ایک روز انہون نے مجھی سے
میرے وقت کا حساب پوچھا ـ مین نے سونا اور کھانا
اور کھیلنا اور تھوڑی دیر لکھنا پڑھنا بہتیرے کام
گنوائے ـ مگر انہون نے سنکر ایک ایسی آہ کھینچی
کہ آج تک اسکی چوٹ مین اپنے دل مین پاتا ہون ـ
اور کہا کہ سلیم آٹھ پہر مین خدا کا ایک کام بھی
نہین ـ خدا نے تمکو آدمی بنایا ـ کیا ممکن نتھا کہ وہ

---

[8] *Kyâ bas isî din se*, etc., 'then it was from this day, I conclude, that you conceived a contempt for games.' *Bas* here shows that the father fancied no more was coming, but it is impossible to do justice to these turns of idiom in English.

[10] *Mahinon*, 'for months,' like *muddaton*, p. 36, line 2, or at p. 94, line 1.

[15] *Ginwâe* agreeing with *bahutere kâm*, the collective summation of the preceding gerunds. The use of the causal shows that the boy named the items, while the old lady reckoned them up.

[17] *Âth pahar men*, 'in the twenty-four hours,' SI. 113.

[18] *Kyâ mumkin na thá*, etc., 'was it

[1] *Ab bhî kuchh nahîn gayá*, 'even now you are very young,' with *zamâna*, 'time,' understood, suits the sense of the passage, but the expression is proverbial, and the exact meaning varies with the context. At p. 509 of the Alf Laila the form is *abhî kuchh nahîn gayá*, 'as yet no harm is done,' which is the general sense, and one which suits the text before us. Compare also the expression commented on at p. 83, line 3, above.

[6] *Sunen* (3 p. pl. aorist), as at p. 67, line 9.

[7] *Na âne dîji'egá*, 'be pleased not to admit.' For this form of the Precative see SI. 89.

تمکو بلی یا کتا بنادیتا ـ پھر آدمی بھی بنایا تو ایسے خاندان کا جو عزت‌دار اور خوشحال ھی ـ ھوسکتا تھا کہ تم مزدور یا لکڑھارے کے گھر پیدا ھوتے اور ایسی ھی چھوتی سی عمر مین تمکو پیت پورا کرنے کیواسطے محنت کرنی پڑتی ـ اور پھر بھی سوا‌ے چبینے کے اور کچھ نہ پاتے اور وہ بھی پیت بھرکر نہین ـ ایک لنگوتی تم باندھے پھرتے نہ پانون مین جوتی نہ سر پر توپی نہ گلے مین انگرکھا ـ جہان جاتے دور دور جسکے پاس کھڑے ھوتے پھت پھت ـ پھر صورت تمکو ایسی پاکیزہ دی کہ جو دیکھے پیار کرے ـ کیا تمکو کالا بھت کانڑا لنگڑا کوڑی بنادینا اسکو مشکل تھا ـ جس خدا کے تمپر اتنے سلوک اور اتنے احسان ھین ستم ھی کہ دن رات مین ایک دفعہ بھی اسکے آگے سر نہ جھکاؤ ـ غضب ھی کہ ایک لمحہ بھی اسکو یاد نہ کرو

time past he had left off going to her house.

تب حضرت بی نے مجھکو نماز سکھائی ـ اسکے معنی سمجھائے اور اسی طرح انھون نے مجھکو ھزارھا نصیحتین کین کہ برزبان یاد نہین رھین ـ مگر افسوس ھی کہ کئی مہینے سے انکے گھر میرا جانا چھوت‌گیا ـ یہ کھکر سلیم کی آنکھون مین آنسو بھر آئے

10. His father asks if he has quarrelled with

باپ ـ کیون تمنے انکے یہان کا جانا ترک کیا ـ کیا انکے نوامون سے لڑائی ھوگئی

---

7 For the usage of *men* here, see SI. 50 (1).

8 *Jahán játe*, 'wherever you went, people might have said Away! away! —whoever you stood by might have expressed contempt.'

15 *Uske ma'ni samjhá'e*, 'explained its meaning.' The word *ma'ní* is generally plural in Urdú.

not possible that he should have made you a cat or a dog?' see SI. 170. The English expression is terser, viz. 'might he not have made?'

Similarly, *ho saktá thá ki tum . . . paidá hote*, 'you might have been born,' and so on for the sequent clauses, 'you might have had to toil,' etc.

بیٹا ـ جناب انکے نواسے مجھکو بھائیون سے کہین زیادہ عزیز ہین ـ اگر مین انسے لڑتا تو دنیا مین مجھسے زیادہ نالائق کوئی نہ تھا

باپ ـ پھر کیا خود حضرت بی تمسے ناخوش ہوگیئن

بیٹا ـ استغفراللہ وہ تو اس درجہ کی نیک ہین کہ غصہ انکو چھو ہی نہین گیا

باپ ـ تو کیا تم آپ سے آپ بیٹھ رہے

بیٹا ـ مین تو ہر روز وہان جانے کیواسطے تڑپتا ہون

باپ ـ تو کیا یہان تمکو کسی نے منع کردیا ہی

بیٹا ـ نہین کسی نے منع بھی نہین کیا

باپ ـ پھر کیا سبب ہوا

بیٹا ـ اگر آپ مجھکو اسکا سبب بیان کرنے مے معاف رکھتے تو بہتر تھا

باپ ـ نہین ضرور ہی کہ مین تمھارے نہ جانے کا سبب معلوم کرون

بیٹا ـ اسمین ایک شخص کی شکایت ہوگی اور حضرت بی نے مجھکو غیبت اور چغلی کی ممانعت کی ہی

باپ ـ لیکن کیا وہان کے نہ جانے سے تمھارا نقصان نہین ہی

his friends or offended their grandmother: on his hesitating to give the reason of the cessation of his visits, he insists on hearing it.

---

is the literal sense of *baithnā*, leads to the secondary meanings of 'remaining at home,' 'waiting,' 'staying away,' etc.

[13] *Agar āp mujhko*, etc., 'it would have been better if you had excused my stating the reason'; or, as we say, 'I had rather you excused me.'

[6] Translate: 'God forbid.' Comp. p. 17, line 15.

[7] *Gussa unko chhū hī nahīn gayā*, lit. 'anger did not even touch her,' that is, 'she showed no anger whatever.'

[8] *To kyā tum āp se āp baith-rahe*, 'then did you stay away of your own accord?' The idea of sitting, which

بیتا ۔ ای جناب نقصان سا نقصان هی مگر میرے اختیار کی بات نهین

باپ ۔ تو مین تمکو اپنے منصب پدری کے رو سے حکم دیتا هون کہ تم سارا حال پوست کندہ بیان کرو

11. Selim explains that H. B. had told him to have his head shaved, but that his eldest brother forbade it and abused his friends, and adds that he had once or twice taunted him before with turning saint under their influence.

بیتا ۔ جناب حضرت بی نے ایك مرتبہ مجھکو بتاکید کہا تھا کہ تم اپنے سر کے بال منڈوا ڈالو ۔ اگرچہ مجھکو بال بهت عزیز تھے اور مین انکی خدمت بھی بهت کچھ کرتا تھا لیکن چونکہ مجھکو یقین تھا کہ حضرت بی جو بات کهتی هین ضرور میری منفعت کیواسطے کهتی هین مین نے کہا بهت خوب ۔ حضرت بی نے اور تو کچھ سبب نهین بیان کیا مگر اتنا کہا کہ بالون کی بزرگداشت مین تمهارا بهت سا وقت صرف هوتا هی اور وقت ایسی چیز نهین هی کہ اسکو ایسی فضول باتون مین صرف کیا جاے اور تمکو بڑے بال رکھنے کی کچھ ضرورت بھی نهین هی ۔ اگلے دن جو حجام بڑے بھائی جان کا خط بنانے آیا مین نے اس سے کہا کہ خلیفہ میرے بال بھی مونڈدینا ۔ بالون کا مونڈنا سنکر بڑے بھائی جان اس قدر خفا هوے کہ مین عرض نهین کرسکتا ۔ مجھکو جو چاهتے کہہ لیتے ۔ حضرت بی اور انکے نواسون کو بهت هی برا بھلا کہا ۔ یہہ کهکر سلیم کی آنکھون مین آنسو بھرآئے

1 *Nuqsán sá nuqsán*, lit. 'loss like loss,' 'a real loss,' 'something like a loss.'

3 *Apne mansab-i-pidarí ke rú se*, 'in view of my paternal office.' *Ke* not *kí*, as in the First Edition.

6 *Mundwá-dálo*, 'have (your hair) shorn off.'

18 *Ki usko aisí fuzúl báton men sarf kiyá jáe*, 'that it should be spent on such unnecessary matters.' For the construction of *usko*, see SI. 120.

17 *Khalífa*: conventional appellative of barbers, tailors, cooks, etc.; like *chaudharí*, p. 42, above.

19 *Mujhko jo cháhte kah-lete*, etc., 'me he called what he chose: (I do not object to this, but) he grossly abused Hazrat Bi and her grandsons.'

باپ ۔ تمھارے بڑے بھائی سے اور حضرت ہی سے کیا واسطه اور انکو تمھارے افعال مین میرے ھوتے کیا دخل

بیٹا ۔ جناب نہین معلوم انکو کسطرح معلوم ھوگیا تھا کہ مین انکے گھر آتا جاتا ھون ۔ دو ایک مرتبہ مجھسے پہلے بھی کہا تھا کہ تو ان مردہشو قلاؤذیون کے ساتھ اکثر رھتا ھی ۔ کیا تو بھی ملانا اور مسجد کا ٹکڑگدا بنیگا ۔ اس دن بالون پر کہنے لگے کہ دیکھا آخر ان نابکارون کی صحبت کا یہ اثر ھوا کہ آپ اچھے خاصے سر کو چھلا ھوا کسیرو بنانے چلے ھین کہ دیکھتے ھی ھتھیلی کھجلاے ۔ چانٹا مارنے کو جی چاھے ۔ ابے اکیلے سر منڈانے سے کیا ھوتا ھی ۔ گھٹنون تک کا کرتہ پہن ۔ ٹخنون تک کا پاجامہ بنا ۔ پنجایت کیواسطے دو چار سورتین یاد کر ۔ اور جو چاھے کہ فقط انگلی کو خون لگاکر شہیدون مین داخل اور نرا مر

---

² *Mere hote*, 'while I am alive,' like *mere rahte* at p. 14, line 10, above. See Si. Ex. XV.

⁶ *Murda-shū*, 'corpse-washer.' In general the washing of the dead is performed by hired menials.

Qulā'ūzī, a person hired to read the funeral service. The two last Suras of the Qoran, which are read on these occasions, begin with the words *qul a'ūzu*, 'say, I take refuge,' hence the nickname.

⁸ *Us din bālon par kahne lage*, etc., 'on that day (*i.e.* the occasion Selim had first alluded to), he proceeded to say on the subject of my hair, "I knew it (lit. saw it); this at last is the result of the companionship of these rascals, that you are going to turn your nice pretty head into a peeled *kaserū*."' This tuber has a dark skin which covers a light-coloured interior.

¹⁰ *Ki dekhte hī*, etc., 'at the very sight of which my palm will itch (and) I shall wish to slap you.' With *dekhte hī* here compare the usage of *dekhkar* in the phrase noticed at p. 85, note 12.

¹² *Abe akele sir*, etc., 'Sirrah, what is the use of only getting your head shaved? Wear your coat down to your knees; make your drawers reach no further than your ankles; get by heart a few suras as a *panjāyat*. If your idea is to be enrolled among the martyrs by only smearing your fingers with blood and to have a place in the mosque meals, then, my lad, wash your hands of it; to thrust yourself on people is not the way to be welcomed.' The style of dress here described has already (p. 91) been noted as a sign of saintliness. *Panjāyat* is the technical name of the five Suras recited at funerals. The 'meals' spoken of consist of the scraps collected by begging. Comp. *masjid kā tukar-gadā* above.

منڈاکر بریانی کی دعوتون مین شامل هوجاؤن تو بچا هاتهه دهو رکهو - گهسنا تو ملنے هی کا نهین

باپ - تمنے کچهه جواب نهین دیا

بیٹا - جناب اول تو بڑے بهائی کو جواب دینا خلاف شیوهٔ ادب تها اور اگر دیتا تو مجهکو جیتا بهی نہ چهوڑتے - جب تک مین سامنے سے ٹل نهین گیا انهون نے زبان بند نهین کی اور ناحق حضرت بی اور انکے نواسون کی شان مین بری بری باتین کهین - غرض ڈر کے مارے پهر مین نے بال منڈوانے کا نام نهین لیا اور تبهی سے مجهکو ایک حجاب سا پیدا هوا کہ کئی بار مجهسے کهچکی هین - اپنے دل مین کیا کهتی هونگی کہ کیسا خودسر لڑکا هی - لیکن پهر انهون نے کچهه تذکره نهین کیا - معلوم نهین بهول گئین یا کهنے سے کچهه فائده نہ دیکهکر چپ هو رهین

ابهی تک مین نے جانا نهین چهوڑا اگرچہ میرا جانا داخل بے غیرتی تها - جب انهون نے مجهکو نماز سکهائی اور نماز کی تاکید کی تو مین نے ایک دن گهر مین نماز پڑهنی چاهی - بڑے بهائی جان اور انکے یار دوست برابر هنسائے جاتے تهے اور مین نهین هنستا تها تو جانماز الٹ الٹ دیتے - سجدے مین جاتا تو اوپر بیٹهہ جاتے - ایسی حالت مین ممکن نہ

12. He further explains that he had been afraid to resist this treatment: also, that having been prevented by his brother and his brother's friends from performing his devotions in obedience to Hazrat Bi, the shame of his failure in these instances had kept him away from her house for three months past, and he was unable to visit his sick class-fellow.

---

a sufficient indication of the pronoun required.

6 *Jab tak*, etc., 'till I got out of his way'; or, according to the Hindustani idiom, 'as long as I did not get out of his way.' See SI. 148, *sub fin.*

10 *Ki* introduces an explanation of *hijāb* in the *oratio recta*.

11 *Ka'i bār mujhse kah-chukī hain*, 'she has already several times told me'; in which the form of the verb is

19 *Hansāe jāte the*, etc., 'went on trying to make me laugh (SI. 128), and as I did not laugh they turned my prayer-mat upside down; when I prostrated myself they sat upon me.' The auxiliaries are dropped in the three last verbs.

تھا کہ میں نماز پڑھ سکون اور حضرت بی سچ بولنے کا مجھسے عہد لے ھی چکی تھین ـ مین نے سوچا کہ جاؤنگا تو نماز کو پوچھینگی کیا کھونگا ـ بالون کی شرمندگی اور نماز کی ندامت غرض اعمال کی شامت کہ مین نے جانا چھوڑ دیا ـ اب وھان گئے مجھکو تین ساڑھے تین مہینے ھوگئے ـ میری اس نااھلی کو دیکھئے کہ تب ھی سے وہ میرے ھمجماعت بیمار پڑے ھین ـ مین انکی عیادت کو بھی نہین جاسکا

باپ ـ لیکن تمنے اپنی مجبوری کا حال مجھپر کیون نہین ظاھر کیا

13. Asked why he did not appeal to his father, he says it would be tale-telling, and that he was afraid that his brother would beat him afterwards, as he had often done: he did not complain to his mother for the same reason, and he adds that as religion was not practised in the household, he

بیٹا ـ اس خوف سے کہ غیبت ھوگی

باپ ـ تمنے اپنے بڑے بھائی کے روبرو کہا ھوتا

بیٹا ـ اتنی مجال نہ مجھ مین کبھی تھی نہ اب ھی کیونکہ مین جانتا ھون کہ مین ھر وقت آپکے پاس رھنے سے رھا ـ جب اکیلا پائینگے مجھکو ٹھیک بنائینگے

باپ ـ تمکو خوف ھی خوف تھا یا تمکو بڑے بھائی نے کبھی مارا بھی تھا

---

derstand *mumkin thá ki*, as at p. 96, l. 18; or *cháhie thá ki* may be supplied when the meaning is 'you ought to have,' etc.; or, the sentence may be read optatively, with *kásh* suppressed, 'I wish you had told me,' etc.

14 *Main har waqt áp ke pás rahne se rahá*, 'I failed and do fail to remain with you always,' that is, 'I cannot always be with you.'

15 *Mujhko thīk baná'enge*, 'he will put me straight,' an example of more being meant than is said.

17 *Khauf hí khauf*, 'mere dread,' not the result of experience.

2 *Main ne sochá ki*, 'I thought that if I went to her she would ask me about my praying, and what could I say?'

3 *Bálon kí sharmindagí*, etc., 'Shame for my hair and remorse for my prayer — in short, the unfortunate result of my deeds was such that I left off going to her house.'

5 *Ab wahán gae*, etc., 'it is now three or three and a half months since I went there.' See the illustrations in SI. 114, where this sentence is quoted.

12 *Tum ne apne bare bhá'í ke rú-ba-rú kahá hotá*, 'you might have told me before your brother's face.' Un-

بیٹا ـ اسکی گنتی نہ مین بتاسکتا ہون اور نہ بڑے بھائی جان بتا سکتے ہین

thought that he would find no sympathy.

باپ ـ کس بات پر

بیٹا ـ مین تو ہمیشہ انکے مارنے کو ناحق بے سبب بے قصور بے خطا ہی سمجھا

باپ ـ تمنے اپنی مان سے بھی کبھی تذکرہ نہ کیا

بیٹا ـ جو وجہ آپکی خدمت مین عرض کرنے کی مانع تھی وہی والدہ سے کہنے کو بھی روکتی تھی ـ دوسرے مین دیکھتا تھا کہ گھر مین نماز روزے کا مطلق چرچا نہین ـ یہ بھی خیال ہوتا تھا کہ ایسا نہو کہون اور جس طرح بڑے بھائی جان ناخوش ہوتے ہین اور لوگ بھی نارضامند ہون

14. *On his father remarking that he must have had an unhappy time, he confesses that he has been very miserable, and that his home had become distasteful to him: on his father suggesting that he may revisit Hazrat Bi and fulfil*

باپ ـ تو یہ چند مہینے تمھارے نہایت ہی بری طرح گذرے

بیٹا ـ کچھ عرض نہین کرسکتا ـ ایک حضرت بی کی خدمت سے محروم رہنے کا صدمہ ـ دوسرے اپنی مجبوری کا رنج ـ مین نے لوگون سے سنا تھا کہ ـ سگ باش برادر خرد مباش ـ سو مجھکو ہر روز اسکی تصدیق ہوتی ہی ـ اور سب سے بڑھکر تو اس بات کا قلق تھا کہ مین اپنے گھر مین سب چھوٹے بڑون کی

---

114 (15). See, too, below, p. 111, 9, and p. 112, 10.

15 *Kuchh 'arz nahín kar-saktá*, 'I cannot say (how badly),' in correspondence with his father's comment.

17 *Sag básh birádar-i-khurd ma-básh*, (Persian) proverb, 'Room for a dog, but not for a younger brother.'

19 *Tasdíq*, 'verification.' See SI. App. A, col. 1.

3 *Kis bát par*, 'on what grounds (did he beat you)?'

7 *Ap ki khidmat men*: a conventional phrase for *ápko*.

10 *Aisá na ho kahún*, etc., lit. 'May it not be that I tell and that, just as my elder brother is displeased, the others also may be dissatisfied'; in other words, 'if I tell, perhaps,' etc.

18 *Tumháre*, not *tumko*. Cf. the example of old Hindustani given at SI,

عادتون کو ناپسند کرتا هون اور اپنے جی مین سوچا کرتا هون کہ جس گھر مین مجھکو رهنا هی اس سے مجھکو وحشت هوتی هی تو مین کهان جاؤنگا اور کیا کرونگا

his promises to her, he hints that the habits of his own home must first be changed.

باپ ـ لیکن اگر اب تمکو حضرت بی کے گھر جانا ملے

بیٹا ـ سبحان الله اس سے بڑھکر کوئی خوشی کی بات نهین لیکن جب‌تک کہ مین سر کے بال نہ منڈالون اور نماز نہ پڑھون مین انکو منهہ نهین دکھا سکتا

باپ ـ اور اگر یہ بھی هو

بیٹا ـ تو پھر یہ بھی هو کہ همارے گھربھر کی عادتین وهین کی سی هوجائین

باپ ـ بھلا اگر دونون هون

بیٹا ـ تو پھر مجھکو اور کچھ درکار نهین

15. *The father admits the boy's reproach to be only too well founded: he promises him that all shall be as he wishes: ac-*

باپ ـ اسمین کچھ شک نهین کہ همارے اس تمام گھر پر ایک بربادی اور تباهی چھا رهی هی اور سارا خاندان گناہ اور بیدینی کی آفت مین مبتلا هی ـ آوے [17] آوا خراب کنبے کا کنبہ گمراہ ـ تعجب هی کہ اب‌تک کوئی عذاب الهی همپر نازل نهین هوا ـ حیرت هی کہ

---

wahán kí sí, but *wahín kí sí*. The idiom of the particle of similitude in combination with the sign of *izáfat* has already been noticed. SI. 60 (13).

13 *Donon*: that is, the privilege of going to H. B.'s, and his own home becoming like her's.

17 *Áwe ká áwá khráb*, etc., 'the whole kiln is bad, the whole family astray.' SI. 25.

18 *Ta'ajjub hai*, etc. Nasúh, it will be remembered, used similar expressions to these in his soliloquy, Ch. II, Sect. 9.

4 *Lekin agar ab*, etc., 'but what if you can now go to Hazrat Bí's house as usual.' Lit. 'what if you now receive the going to H. B.'s?'

7 *Jab-tak ki*, instead of *jab-tak* alone, the *ki* being redundant. Comp. p. 103, l. 6.

10 *Aur agar yeh bhí ho*, 'and if this, too, is possible,' that is, that you can have your hair cut, etc. The reply is, 'then this, too, is possible that the habits of our household become like those even of Hazrat Bí's.' Not

پھر خدا همپر کیون نهین توٹ پڑا ـ اور خدا کا الزام اور تم سب کا اُلاهنا تمامتر مجھپر هی ـ مین تم لوگون کے جسمون کی پرداخت و پرورش کرتا رها لیکن تمهاری روحون کو مین نے هلاك اور تمهاری جانون کو مین نے تلف کیا ـ کتنے خون میری گردن پر هین اور کتنے وبال میرے سر پر

knowledges his obligations to Hazrat Bi: and ends by telling him that henceforth he is the dearest of his children, a pattern for the rest to follow.

بحیرتم که سرانجام من چه خواهد بود

مليم آج تم خوش هو کہ تمهاری آرزو برآئی اور تمهارا مطلب خدا نے پورا کیا ـ شوق سے اپنا سر منداؤ نماز پڑهو اور حضرت بی کی خدمت مین جاؤ ـ آج سے حضرت بی میری دینی مان اور اسکے نواسے میرے دینی فرزند هین ـ اور مین خود تمهارے ساتھ چلونگا اور حضرت بی کا شکریہ ادا کرونگا کہ انهون نے حسبةً لله تمهارے اور میرے دونون کے ساتھ سلوك کیا ـ تمهارے ساتھ یہ کہ تمکو نیك صلاح دی اور میرے ساتھ یہ کہ جو کام میرے کرنے کا تها وہ اُنهون نے کیا ـ آج کے بعد سے انشاءالله تم اس گھر کو حضرت بی کے گھر کی طرح دیکھوگے ـ کوئی تفرقه تم مین اور انکے نواسون مین باقی نہ رهیگا ـ مليم تمهاری آج کی گفتگو سنکر

count,' like the phrase *khálistan li 'l-lah* at p. 46, line 7.

14 *Tumháre aur mere.* The 1st pers. usually takes precedence of the 2nd (See SI. 16), but here the plurality of the 2nd pers. gives it the first place.

18 *Tafriqa,* 'distinction,' rather than 'difference.' For the form of this verbal see SI. App. A, *Rem.* 2, F. II. (2).

2 *Uláhná,* 'reproaches'; a rare instance of a noun in *ná*, which is not a gerund. *Kosná*, p. 66, l. 5, is another.

7 *Ba-hairatam ki sar-anjám-i-man chi khwáhad búd,* 'I dread to think what my end will be.' A line from Hafiz.

13 *Hisbatan li'lláh,* 'on God's ac-

میرا جی بہت هی خوش هوا اور تم مجھکو ساری
اولاد مین سب سے زیادہ عزیز رهوگے - تمکو مین
دوسرون کے لئے نمونہ اور مثال بناونگا اور انکو جو تمسے
بڑے هین تمھاری تقلید پر مجبور کرونگا

[4] *Tumhárí taqlíd par majbūr karūngā*, 'I will force (your seniors) to take you as their example.'